بہترین و نایاب شہکار

قیمت ۱ر

زین اینڈ کو پبلیشرز دریبہ کلاں دھلی

گانے

نمبر

لارلی لی لی لارلی لی لی لا

پاپی دنیا سے دور ۔ آؤ چلیں جی حضور
یہاں جینا ہے قصور کوئی کیا جئے ۔ ہاں کوئی کیا جئے ۔ لار....
آنسو یہاں ہیں ستارے نہیں ۔ لاکھوں بھنور ہیں کنارے نہیں
ٹوٹے دلوں کے سہارے نہیں
پاپی دنیا سے دور ۔ آؤ چلیں جی حضور
یہاں جینا ہے قصور ۔ کوئی کیا جئے

لارلی....

جی چاہتا ہے کہ چلیئے وہاں ۔ اِک میں ہوں اِک تو ہو ساجن جہاں
نہ یہ زمیں ہو نہ یہ آسماں
پاپی دنیا سے دور ۔ آؤ چلیں جی حضور
یہاں جینا ہے قصور ۔ کوئی کیا جئے ۔ ہاں کوئی کیا جئے

لارلی....

ککو:۔ نمبر ۲

دُنیا جہاں ہے ۔ دِل مہرباں ہے
ایسے میں آ بلم، مِل جا صنم، میری قسم
رم جھم بہار کا ہے پیار کا موسم

جب یہ ساماں ہے ۔ دِل کیوں ویراں ہے
جینے کے دِن بلم ہوتے ہیں کم ۔ کھاؤ نہ غم
رم جھم . . . . . .

دُنیا شمشان ہے ۔ پیسہ بھگوان ہے
تنگی میں ہر قدم مِلتا ہے غم ۔ گھُٹتا ہے دم
پیسہ ہو پاس ہو تو ۔ روگ ہے نہ غم
بی۔اے کی ڈگری کھوٹی ۔ تن پہ نہیں لنگوٹی
کپڑا ہے اور نہ روٹی
ڈگری کو کھالو بھیا ۔ پالش کرالو بھیا
جُوتا چمکالو بھیا
اونچی دوکان ہے ۔ پھیکا پکوان ہے
دُنیا میں آکے ہم ۔ جھیلیں ستم ۔ ماریں نہ غم

پیسہ ہو پاس ......

یہ جگ ہے غم کی بستی ۔ اِس میں ہے فاقہ مستی
جیون سے موت سستی
کالے بازار والے ۔ توڑیں ہزار تالے ۔ پھر بھی ہیں بھولے بھالے
صورت انسان ہے ۔ دِل میں شیطان ہے
پیسے کے ہیں کرم ۔ کیسی شرم ۔ کیسا دھرم
پیسہ ہو پاس تو ....

نمبر ۲

لتا ــ

بھگوان تیری دُنیا میں انسان نہیں ہے
مسجد بھی ہے ۔ مندر بھی ہے ۔ ایمان نہیں ہے
آ ہمیں یہاں پھُوٹ ہے دِل سب کے جُدا ہیں
دولت جنہیں مِل جائے وہ ہی لوگ خدا ہیں
اتنا بھی نہیں سوچتے ہم کون ہیں کیا ہیں
انسان کو انسان کی پہچان نہیں ہے
بھگوان ....

تو چاہے تو ہر موج کو طوفان بنادے

سچا ہے تو بگڑے ہوئے ایمان بنا دے
اِن خاک کے پُتلوں کو پھر انسان بنا دے
ورنہ میں سمجھوں گی تُو بھگوان نہیں ہے
بھگوان تیری ....

نمبر ۴

چھم چھا چھم پائل باجے ۔ ناچے مورا من
چندا سے گواہی لیلے ۔ تو میرا ساجن
ٹھمک ٹھمک لہریا ناچیں ساگر گیت سُنائے
پریتم میرا ہی پریتم کی خوشیوں کے دن آئے
تاروں کی چھایا میں بدلا جیون سے جیون ۔ چندا سے ...
جگمگ جگمگ کرتا آیا میرے جگ میں سویرا
چاند ستارے سہگتے لائے ۔ موجیں لائیں سویرا
پیار کی چُنری اوڑھ کے سجنا، رات بنی دُلہن ۔ چندا سے ...

نمبر ۵

آنگن مورے آؤ سجن دھیرے دھیرے
بیرن بنی جائے پون دھیرے دھیرے

رات نہیں نندیا۔ رات نہیں نندیا

اسون میں ڈوب چلی آشا کی بندیا

چندا بھی انکھیاں دکھلائے۔ بیرن بنی ......

تورے بینا ساجنا سونی موری رتیاں

چپکے سے آکے ذرا سن جی کی بتیاں

بیٹھی ہوں آس لگائے۔ بیرن بنی ......

محمد رفیع اور شمشاد نمبر ۶

لادے موہے بالما آسمانی چوڑیاں

دل کو میرے بھائیں نا یہ پرانی چوڑیاں

اجی بھر کے نظر دیکھ لو ادھر۔ چوڑیوں کی تم کرو نہ فکر

بھول نہ جانا دل کو لیکر۔ گھائل من ہے زخمی جگر

جب سے لڑی ہے تم سے نظر۔ ہم ہیں اُدھر تم ہو جدھر

آؤ جی کر لیں مل کے گذر

دنیا کو ہو نہ مگر خبر۔ تیرے میرے دل کی خبر

تیرے لئے لاؤں گا من لبھاؤ چوڑیاں

لادے موہے ......

چھو لے پیا میرا جیا تم نے لیا ہے
تم نے ہمیں ہم نے تمہیں پیار کیا ہے
تمہیں چھوڑ کے بلم جائینگے نہ ہم ۔ کھائے ہوئے ہیں پیا کی قسم
روئیگا نہ دل چھائینگے نہ غم ۔ کوئی نہ ہوگا دل پہ ستم
تم ہی پیا تم ہی صنم ۔ رکھنا میری لاج شرم
تیرے ہی دم سے ہے میرا دم ۔ لاگی ہو دیکھو نہ قسم
ناچیں مل کے چھوم چھما چھم
دیدے مجھے پیار کی تو نشانی چوڑیاں ۔ لادے ......

(ختم شد)

صنعت وحرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اِس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کردیا ہے۔ کِس طرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا چند دنوں میں مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے۔ سینکڑوں اشیا بنانے کے قیمتی نسخے۔ صابن۔ تیل۔ کریم پاؤڈر اور روزمرّہ زندگی میں کام آنے والی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور فروخت کرنے کے طریقے درج کیے گئے ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزارہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے۔ ایک کتاب ضرور خریدیں۔

قیمت: صرف -/3 محصول ڈاک -/۸/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی